© rasailojaraid.com

مضامین جن میں اقبال پر ناقدانہ بحثیں کی گئی ھیں ، زیر نظر کتاب میں ان کے حوالے نہیں ھیں -

علامہ اقبال پر ان رسالوں میں کافی کتابیں لکھی گئی ھیں - اور پھر یہ ایک ایسا موضوع ھے جس پر برابر تصنیفات ھوتی رھیں گی - خواجہ عبد الوحید صاحب نے اقبال پر یہ ببلیو گرافی مرتب کر کے نہ صرف اقبالیات سے علمی شغف رکھنے والوں کی رھنمائی کا فریضہ سر انجام دیا ھے بلکہ ملک و قوم کی بڑی خدمت کی ھے کیونکہ آج اقبال کا مطالعہ ھماری ملی زندگی کے لئے ایک روح پرور پیغام ھے -

کتاب مجلد ھے - ضخامت : ۲۲۴ صفحات — قیمت درج نہیں -

ملنے کا پتہ — اقبال اکیڈمی — کراچی

(ابو سلمان — کراچی)

دیوان فائز — یہ حضرت سید شاہ نذیر الحق فائز پھلواروی (۱۲۵۹ھ — ۱۳۲۳ھ) کے کلام فارسی کا مجموعہ ھے اور اس کے مرتب ڈاکٹر خواجہ افضل امام لیکچرار فارسی و مہتمم شعبہ مخطوطات پٹنہ یونیورسٹی ھیں -

صوبہ بہار (ھندوستان) کا قصبہ پھلواری قدیم اھل علم خانوادوں کا مسکن ھونے کی بنا پر بڑی شہرت رکھتا ھے - عربی یہاں کی دینی اور فارسی ادبی زبان تھی - حضرت فائز نے جب ھوش سنبھالا تو ان کے ھاں زیادہ تر فارسی ھی‌میں شاعری ھوتی تھی چنانہ انکا تمام ترکلام فارسی ھی میں ھے -

حضرت سید شاہ نذیر الحق فائز پھلواروی علامہ تمنا عمادی صاحب کے والد بزرگوار ھیں اور بقول ان کے -

عالم و فاضل عابد و زاھد　　　صاحب دین و صاحب تقوی

مجھ میں جو کچھ ھے فیض ھے ان کا
میں نے جو کچھ پڑھا ھے وہ ان سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیوان میں زیادہ تر غزلیات ھیں - عمر کے ایک بڑے حصے میں تصوف ان کا خاص موضوع تھا اور ان کے ھاں وحدت الوجود کے اشعار بکثرت ملتے ھیں - لیکن اواخر عمر میں آپ نے اس عقیدے سے توبہ کر لی تھی اور وہ اس کے قائل ھو گئے تھے جیسا کہ وہ فرماتے ھیں -

چو گفت سرور دین حسبنا کتاب اللہ
دلیل راہ ھدی بس بود کتاب مرا

وحدۃ الوجود کے بارے میں ان کی غزل کے چند شعر ملاحظہ ھوں -

عقدہ کار خود و عقدہ کشا اوست ھمہ
خود معمائے خود وحل معما ھمہ اوست

ھم خود او یوسف و خود چاہ و خود او زندانست
ھم کلیم و شجر طور تجلا ھمہ اوست
ھم خود او وحی و خود او صاحب وحی حمدیست
مصحف ناطق و ھم آیہ کبری ھمہ اوست
ھم خود او ھادی و ھم مہدی و ھم نور ھدایت
ھم صراط حق و ھم جنہ ماوی ھمہ اوست

فاضل مرتب نے کتاب کے شروع میں ایک طویل مقدمہ سپرد قلم کیا ھے، جس میں حضرت فائز کے خاندانی حالات اور خود ان کے سوانح حیات کا ذکر ھے - نیز صاحب موصوف کو جو ادبی و شعری ماحول ملا اس پر تبصرہ کیا گیا ھے اور ان کے معاصرین کا مفصل تذکرہ بھی ھے -

مقدمے میں حضرت فائز کی شاعری پر محاکمہ بھی ھے اور ان کے کلام کی ادبی خوبیوں کو بیان کیا گیا ھے -

ناشر ــــ دارالادب بہارستان پٹنہ - ۹ (ھندوستان)

ضخامت - ۲۲۰ صفحے مجلد - قیمت ۵ روپے

(م ، س)

© rasailojaraid.com